صبح شام کی دعائیں

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَا نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ (تین مرتبہ) (صحیح مسلم)

☆ پاک ہے اللہ اور ساتھ اپنی تعریف کے، اپنی مخلوق کی تعداد کے برابر، اور اپنی ذات کی رضا کے برابر، اور اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اپنے کلمات کی روشنائی کے برابر۔

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْیَا وَ بِکَ نَمُوْتُ وَ اِلَیْکَ النُّشُوْرُ (ابو داؤد) (ایک مرتبہ)

☆ اے اللہ! تیرے ساتھ ہم نے صبح کی اور تیرے ساتھ ہم شام تک پہنچتے ہیں اور تیرے ہی ساتھ ہم زندہ ہیں اور ساتھ تیرے ہی ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف جی اٹھنا ہے۔

اَللّٰھُمَّ مَاأَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَۃٍ ،أَوْبِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ، فَلَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ. (ایک مرتبہ)

☆اے اللہ! جن جن نعمتوں کے ساتھ میں نے صبح کی یا تیری مخلوق میں سے کسی بھی ایک نے، تو وہ صرف تیری ہی دی ہوئی ہیں۔ تیرا کوئی شریک نہیں پس تعریف تیرے ہی لئے ہے اور شکر تیرے ہی لئے ہے۔

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْکُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذَا الْیَوْمِ فَتْحَہٗ وَنَصْرَہٗ وَ نُوْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَھُدَاہُ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّمَا فِیْہِ وَشَرِّمَا بَعْدَہٗ (ابو داؤد) (ایک مرتبہ)

☆صبح کی ہم نے اور صبح کی ساری کائنات نے اللہ کے لیے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس دن کی بہتری، اس کی فتح، اس کی مدد اور اس کا نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت کا۔ اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس (دن) میں ہے اور اس چیز کے شر سے جو اس (دن) کے بعد آنے والی ہے۔

اَصْبَحْنَا عَلٰی فِطْرَۃِ الْاِسْلَامِ وَعَلٰی کَلِمَۃِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰی دِیْنِ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَعَلٰی مِلَّۃِ اَبِیْنَا اِبْرَاھِیْمَ، حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ . یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ فَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ . (مسند احمد) (ایک مرتبہ)

(شام کو اَصْبَحْنَا کی جگہ اَمْسَیْنَا پڑھا جائے)

☆ ہم نے صبح کی دین اسلام پر، کلمہ اخلاص پر اور اپنے نبی محمد ﷺ کے دین پر اور اپنے باپ حضرت ابراہیمؑ کی ملت پر جو یکسو اور فرماں بردار تھے۔ اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔ اے زندہ اور قائم رہنے والے رب! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں میرے تمام حالات کو درست فرما! اور ایک لمحہ کے لئے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر۔

اَللّٰھُمّ إِنِّی أَصۡبَحۡتُ أُشۡھِدُکَ ، وَأُشۡھِدُ حَمَلَةَ عَرۡشِکَ وَمَلآ ئِکَتَکَ وَجَمِیۡعَ خَلۡقِکَ اَنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا أَنۡتَ ،وَحۡدَکَ لا شَرِیۡکَ لَکَ ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُکَ وَرَسُوۡلُکَ (ابو داؤد)

☆ اے اللہ! بے شک میں نے ایسی حالت میں صبح کی، کہ تجھے گواہ بناتا ہوں۔ اور میں گواہ بناتا ہوں تیرا عرش اٹھانے والوں کو اور تیرے فرشتوں کو، اور تیری تمام مخلوق کو، بے شک تو ہی اللہ ہے تیرے سوائے کوئی الہٰ نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور بے شک محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

اَصۡبَحۡنَا وَ اَصۡبَحَ الۡمُلۡکُ لِلّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لا شَرِیۡکَ لَہٗ ، لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ، رَبِّ اَسۡئَلُکَ خَیۡرَ مَافِیۡ ھٰذَا الۡیَوۡمِ وَخَیۡرَ مَا بَعۡدَہٗ ، وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّمَافِیۡ ھٰذَا الۡیَوۡمِ وَشَرِّمَا بَعۡدَہٗ،رَبِّ اَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡکَسَلِ وَسُوۡءِ الۡکِبَرِ ، رَبِّ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ عَذَابٍ فِی النَّارِ وَعَذَابٍ فِی الۡقَبۡرِ. (صحیح مسلم) (ایک مرتبہ)

☆ ہم نے اور تمام کائنات نے صبح کی اللہ کے لیے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے، اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بھلائی کا جو بھی اس دن میں ہے اور جو اس دن کے بعد ہے اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس دن میں ہے اور اس چیز کے شر سے جو اس (دن) کے بعد آنے والا ہے۔ اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سستی سے اور بدترین بڑھاپے سے۔ اے میرے رب! میں تیری پناہ مانگتا ہوں آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے۔

شام کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمۡسَیۡنَا وَ بِکَ اَصۡبَحۡنَا وَ بِکَ نَحۡیَا وَ بِکَ نَمُوۡتُ وَ اِلَیۡکَ الۡمَصِیۡرُ.

(ابو داؤد) (ایک مرتبہ)

☆ اے اللہ! آپ کی عنایت سے ہم شام میں داخل ہوئے، اور آپ کی مدد سے ہم صبح تک پہنچے ہیں اور آپ کی برکت سے ہم زندہ رہتے ہیں اور مرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَتْحَهَا وَنَصْرَهَا وَنُوْرَهَا وَبَرَكَتَهَا وَهُدَاهَا وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا فِيْهَا وَمِنْ شَرِّمَا بَعْدَهَا. (ابو داؤد)

(ایک مرتبہ)

☆ شام کی ہم نے اور شام کی ساری کائنات نے اللہ کے لیے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس رات کی بہتری، اس کی فتح، اس کی مدد اور اس کا نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت کا۔ اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس (رات) میں ہے اور اس چیز کے شر سے جو اس (رات) کے بعد آنے والا ہے۔

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ ،لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَافِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَمَابَعْدَهَا، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَافِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّمَا بَعْدَهَا،رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ، رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ. (صحیح مسلم) (ایک بار)

☆ ہم نے اور تمام کائنات نے شام کی اللہ کے لیے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے، اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بھلائی کا جو بھی اس رات میں ہے اور جو اس رات کے بعد ہے اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس رات میں ہے اور اس چیز کے شر سے جو اس (رات) کے بعد آنے والا ہے۔ اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سستی سے اور بدترین بڑھاپے سے۔ اے میرے رب! میں تیری پناہ مانگتا ہوں آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے۔

صبح وشام کی دعائیں

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ . (مسلم) (تین مرتبہ)

☆ پناہ لیتا ہوں میں اللہ کے تمام کلمات کی، تمام مخلوق کی شرارتوں سے۔

رَضِیْتُ بَاللّٰہِ رَباًّ وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْناً وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیّاً وَّرَسُوْلاً (ترمذی) (تین مرتبہ)

☆ میں راضی ہوا اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور حضرت محمد ﷺ کے نبی اور رسول ہونے پر۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِیْ الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ .

(ترمذی) (تین مرتبہ)

☆ ساتھ نام اللہ کے نہیں نقصان دے سکتی اس کے نام کی برکت سے کوئی چیز زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا ہے اور جاننے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ اَللّٰھُمَ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ (ابو داؤد)

☆ اے اللہ! میرے بدن کو تندرست رکھ، اے اللہ! میرے کان عافیت میں رکھ، اے اللہ! میری آنکھ عافیت میں رکھ، آپ کے سوائے کوئی معبود نہیں۔ (ایک مرتبہ)

حَسْبِیَ اللّٰہُ لآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَعَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (سورۃ التوبۃ) (سات مرتبہ)

☆ کافی ہے مجھ کو اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی پر میں نے بھروسہ کیا۔ اور وہی عرش عظیم کا رب ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ، لاَ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ . (تین مرتبہ)

☆ اے اللہ! میں کفر اور تنگدستی اور عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ ذِی الشَّانِ عَظِیْمِ السُلْطَانِ شَدِیْدِ الْبُرْھَانِ قَوِیِّ الارْکَانِ مَآشَاءَ اللّٰہُ کَانَ ، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانِ اِنْسٍ وَّجَانٍّ

☆ اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑی شان والا ہے، عظیم و شان سلطنت والا ہے، جو زبردست برہان والا ہے، بہت مضبوط قوت غلبے والا ہے جو اللہ چاہتا ہو جاتا ہے، میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں ہر شیطان سے خواہ وہ انسانوں میں سے ہوں یا جنوں میں سے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لا

يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ. (بخاری) ایک مرتبہ

☆اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوائے کوئی الہ نہیں، تو نے ہی مجھ کو پیدا کیا ہے، اور میں تیرا ہی بندہ ہوں، اور میں تیرے عہد پر قائم ہوں، اور تیرے وعدے پر جتنی میں استطاعت رکھتا ہوں جتنی میری ہمت ہے میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو میں نے کی ہے میں اعتراف کرتا ہوں تیرے لئے، تیری نعمتوں کا اپنے اوپر، اور میں اعتراف کرتا ہوں اپنے گناہوں کا تو مجھ کو معاف کردے، کیونکہ کوئی نہیں بخشتا گناہ سوائے تیرے ۔

اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ، فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَشِرْكِهِ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْءًا اَوْ اَجُرَّهُ اِلٰى مُسْلِمٍ. (ترمذی) ایک مرتبہ

☆ اے اللہ! اے غیب اور حاضر کو جاننے والے! اے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے! اے ہر چیز کے رب اور مالک! میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے علاوہ کوئی (سچا) معبود نہیں اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر سے اور اس کی شراکت سے اور اس بات سے بھی (تیری پناہ میں آتا ہوں کہ) میں اپنے خلاف کسی برائی کا ارتکاب کروں یا اسے کسی مسلمان کی طرف کھینچ لاؤں۔

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ ذَرَأَ وَ بَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَايَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمٰنُ . (مسند احمد)

☆میں پناہ لیتا ہوں عظمت والے اللہ کے چہرے کے ساتھ جس سے کوئی بڑی چیز نہیں ہے اور اس کے التاثیر کلمات کے ساتھ جن سے آگے نہ نیک بڑھ سکتا ہے اور نہ بد، ہر اس چیز کے شر سے جو عدم سے وجود میں آئی پیدا ہوئی۔ اور ہر اس چیز کے شر سے جو زمین میں داخل ہوتی ہے اور نکلتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو زمین میں داخل ہوتی ہے اور نکلتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو رات اور دن کے کسی حصے میں آتی ہے الا یہ کہ خیریت سے آئے۔ یا رحمٰن۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ . أَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَ دُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ . أَللّٰهُمَّ اسْتُرْعَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِيْ. أَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ

خَلْفِیْ ، وَعَنْ یَّمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظْمَتِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ.

(ابو داؤد) (ایک مرتبہ)

☆ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں عافیت کا دنیا ور آخرت میں، اے اللہ! بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، درگزر اور عافیت کا اپنے دین کے معاملے میں اور دنیا کے معاملے میں، اور اپنے خاندان کے معاملے میں اور اپنے خاندان کے بارے میں اور اپنے مال کے معاملے میں اے اللہ ڈھانپ دے میرے عیب اور بےفکر کردے مجھ کو، میرے خوف کی چیزوں سے (اندیشوں سے) اے اللہ! میری حفاظت فرما! میرے سامنے سے سے اور میرے پیچھے سے اور میری دائیں جانب سے اور میری بائیں جانب سے اور میرے اوپر سے، اور میں تیری عظمت کے ساتھ تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں ہلاک کیا جاؤں اپنے نیچے سے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ،عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ. مَاشَآءَ اللّٰهُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ، وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْ ءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْ ءٍ عِلْمًا. اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَةٍ رَبِّی اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّی عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (ایک مرتبہ)

☆ اے اللہ! آپ ہی میرے رب ہیں۔ کوئی الہٰ نہیں آپ کے سوائے۔ آپ پر میں نے بھروسہ کیا۔ اور آپ ہی عرش عظیم کے رب ہیں۔ اللہ جو چاہتا ہے وہ ہو جاتا ہے اور جو نہیں چاہتا وہ نہیں ہوتا۔ اور نہیں کوئی طاقت نہ کوئی قوت، مگر اللہ کی جو بلند ہے عظمت والا ہے۔ میں جانتا ہوں بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور بے شک اللہ نے ہر چیز کو علم کے لحاظ سے گھیر رکھا ہے۔ اے اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کی برائی سے اور ہر جاندار کی برائی سے۔ میرا رب پکڑنے والا ہے اس کی پیشانی کے بال۔ بے شک میرا رب سیدھے راستے پر ہے۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ، وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ ، یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ط وَکَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ . (ایک مرتبہ)(سورة الروم :19-17)

☆ پس پاکی اللہ کے لئے ہے جس وقت تم شام کرتے ہو اور جس وقت تم صبح کرتے ہو اسی کے لئے ہے تعریف، آسمان وزمین میں۔ اور تیسرے پہر کو اور ظہر کے وقت بھی (یا جب تم ظہر کرتے ہو) وہ نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے ہے۔ اور زندہ کرتا ہے زمین کو اس کی موت کے بعد اور اسی طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ .هُوَاللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ .هُوَاللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ. هُوَاللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَالْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ .

(سورة الحشر :23-22)

☆ میں پناہ چاہتا ہوں اللہ کی جو سننے والا ہے جاننے والا ہے، شیطان سے جو مردود (دھتکارا ہوا ہے) ہے۔ وہ اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی الٰہ نہیں، غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے۔ وہ مہربان، بار بار رحم والا ہے، وہ اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی الٰہ نہیں بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، اسراسر سلامتی، امن دینے والا، نگہبان، غالب، دبدبے والا، بڑائی والا، پاک ہے اللہ ان چیزوں سے جن کو لوگ شریک مقرر کرتے ہیں۔ وہ اللہ، بنانے والا ہے یا پیدا کرنے والا ہے، صورت بنانے والا ہے، اسی کے ہیں بہت اچھے اچھے نام۔ تسبیح کر رہے ہیں اس کے لئے، جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں۔ اور وہی غالب، حکمت والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ .اَللّٰهُ الصَّمَدُ . لَمْ يَلِدْ ۵ وَلَمْ يُوْلَدْ . وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ . (تین مرتبہ)

☆ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ ہی اسے کسی نے جنا۔ اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ . مِنْ شَرِّمَا خَلَقَ . وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ . وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ . وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ . (تین مرتبہ)

☆ کہہ دیجئے! میں پناہ لیتا ہوں صبح کے رب کی ہر مخلوق کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے اور اندھیرے کی آفتوں سے جب وہ چھا جائے اور جادوگرنیوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور حاسد کی شرارت سے جب کہ وہ حسد کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ . مَلِكِ النَّاسِ . اِلٰهِ النَّاسِ . مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ . الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ . مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ . (تین مرتبہ)

☆ کہہ دیجئے! میں پناہ لیتا ہوں، لوگوں کے رب، لوگوں کے بادشاہ کی، اس شیطان کی شرارتوں سے جو وسوسے ڈالتا ہے لوگوں کے سینوں میں (وہ شیطان) جنوں میں سے ہو یا انسان میں سے۔

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡم

اَللّٰهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ لَّهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَىۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَلَا يَئُوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡم

(سورۃالبقرہ :255) صبح وشام ایک بار

☆ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان اور بار بار رحم فرمانے والا ہے۔ اللہ کے سوائے کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند۔ اسی کے لئے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے سامنے شفاعت کر سکے وہ جانتا ہے جو ان کے آگے اور پیچھے ہے۔ اور وہ اس کے علم میں کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے سوائے اس کے جو وہ چاہے اس کی کرسی آسمان اور زمین تک وسیع ہے اور ان کی حفاظت اسے نہیں تھکاتی۔ اور وہ تو بہت بلند اور بہت عظمت ولا ہے۔

نماز کے بعد بغیر کلام کے یہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اَجِرۡنِىۡ مِنَ النَّارِ (سات مرتبہ)

☆ یا اللہ! مجھے جہنم (آگ) سے بچالے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ (سو مرتبہ)

☆ یا اللہ! آنحضرت ﷺ پر رحمت نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡۤ اَسۡئَلُكَ عِلۡمًا نَّافِعًا وَّ رِزۡقًا طَيِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا (ایک مرتبہ)

☆ اے اللہ! میں آپ سے فائدہ مند علم اور مقبول ہونے والا علم، پاک روزی مانگتا ہوں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ لَهُ الۡمُلۡكُ وَلَهُ الۡحَمۡدُ بِيَدِهِ الۡخَيۡرُ يُحۡيِىۡ وَيُمِيۡتُ

وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر۔ (مشکوٰۃ) دس مرتبہ پڑھیں

☆اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔اسی کا ملک ہے اور وہی حمد وثناء کے لائق ہے بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے وہی چلاتا ہے وہی مارتا ہے وہی ہر چیز پر قادر ہے۔